## 21206 ـ فجر کی دو رکعات تحيۃ المسجد کے لیے کافی ہو جائینگی؟

**سوال**

ایك شخص نماز فجر کی اقامت سے قبل مسجد میں داخل ہوا تو کیا وہ تحیۃ المسجد ادا کرے اور پھر فجر کی سنتیں ادا کرے، یا کہ صرف فجر کی سنتیں ادا کرنے سے ہی تحیۃ المسجد ادا ہو جائیگی ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اس کے متعلق مستقل فتوی کمیٹی سے دریافت کیا گیا تو اس کا جواب تھا:

فجر کی سنتیں سنت اور تحیۃ المسجد دونوں کے لیے کفائت کر جائینگی اور افضل بھی یہی ہے، اور اگر وہ پہلے تحیۃ المسجد ادا کرے اور پھر فجر کی سنتیں تو اس میں بھی کوئی حرج نہیں.